Virtual Islamic University

ورچوئل اسلامک یونیورسٹی

Prospectus

www.VirtualIslamicUnvirsity.com

ورچوئل اسلامک یونیورسٹی

بدلتے زمانوں کے ساتھ تمام علوم وفنون کی تعلیم وتدریس کا نصاب اور طریقہ بدلتا رہا ہے۔ اسلامی علوم وفنون کی تعلیم میں جدت اکیسویں صدی کا اولین تقاضا ہے۔ دنیا ایک گلوبل ویلج بن گئی ہے۔ دنیا کی بہت سی معروف یونیورسٹیز اپنی آن لائن سروس شروع کر چکی ہیں، کچھ سالوں میں ایک انقلاب آنے والا ہے، جو اکثر تعلیمی اداروں کو آن سائٹ سے آن لائن کر دے گا۔ انہی حالات کے پیشِ نظر ہم ورچوئل اسلامک یونیورسٹی کا قیام عمل میں لائے ہیں۔



اہداف ومقاصد

- بہت سے لوگ اپنے کاروبار یا ملازمت میں مصروف ہونے کی وجہ سے مدارس میں قیام کر کے دینی علوم سے بہرہ وَر نہیں ہو سکتے، نیز کچھ لوگ اپنا علاقہ چھوڑ کر سفر کرنے سے عاجز ہیں، اسی طرح ایسے لوگ بھی دینی علوم سیکھنے کے متمنی ہیں، جو معاشی مجبوریوں کی وجہ سے دیارِ غیر میں مقیم ہیں، جہاں مدارسِ اسلامیہ نہ ہونے کی وجہ سے ان کی یہ خواہش پوری نہیں ہو پاتی۔ ان سب کے خواب ہمارے ورچوئل کلاس روم میں باقاعدہ دینی تعلیم کے اجرا سے پورے ہو رہے ہیں۔ الحمد للہ

علاقے، عمر اور وقت کی قید سے آزادی

- اب کسی بھی عمر کا کوئی بھی شخص دنیا میں کہیں بھی رہتے ہوئے اور کوئی بھی کام کرتے ہوئے ورچوئل دینی ادارے کا باقاعدہ طالب علم بن سکتا ہے۔ بہت سے احباب روزانہ اپنی مصروفیات سے کچھ وقت نکال کر پختہ عالمِ دین بن رہے ہیں۔ الحمدللہ

ایک پروفیشنل ادارہ

ورچوئل اسلامک یونیورسٹی کوئی برائے نام یا کاغذی پروگرام نہیں ہو گا، جیسا کہ آن لائن دینی تعلیم کے بعض نام نہاد سلسلے دیکھنے میں آئے ہیں، بل کہ یہ ایک منظم ومرتب نظامِ تعلیم ہے، جو دینی ودنیاوی اعتبار سے اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کی نگرانی میں کام کر رہا ہے۔ اس میں جدید ٹیکنیکس کو استعمال کر کے دینی علوم کو بہتر سے بہتر انداز میں پیش کیا جا رہا ہے۔



نظامِ امتحانات

معیاری امتحانات کسی بھی تعلیمی نظام میں انتہائی ضروری ہوتے ہیں۔ اس پروگرام میں صرف لیکچر دینے پر اکتفا نہیں کیا جاتا، بل کہ جدید تعلیمی معیارات پر اسائنمنٹ سسٹم بھی موجود ہے، تاکہ طلبہ میں ذوق برقرار رہے اور وہ مکمل توجہ سے علم حاصل کریں، نیز طلبہ کی صلاحیت وقابلیت کو جانچ کر مزید بہتر بنانے کی کوشش کی جاسکے۔

اسناد کا اجرا

ہر مرحلے کی تکمیل پر ورچوئل اسلامک یونیورسٹی کی طرف سے مارکس شیٹس اور اسناد بھی جاری کی جائیں گی۔ اسناد کے اجرا میں مکمل طور پر طلبہ کی صلاحیت وقابلیت ہی معیار بنائی جائے گی، یوں ورچوئل اسلامک یونیورسٹی کی اسناد پوری اسلامی دنیا میں ایک خاص اہمیت کی حامل ہوں گی۔ ان شاء اللہ

کورسز

ورچوئل اسلامک یونیورسٹی میں اسلامی تعلیم کے حوالے سے ہر طرح کے پروگرامز اور کورسز جاری ہوں گے، لیکن سرِ دست یہ چند ایک پروگرام جاری ہیں۔

- علوم الدین
- قراءۃ القرآن
- فہم القرآن
- اصول الحدیث
- تجوید القرآن

کئی ایک شارٹ کورسز بھی جلد شروع کیے جا رہے ہیں۔ ان شاء اللہ

علوم الدین

برصغیر کے دینی مدارس میں اسلامی علوم وفنون سکھانے کے لیے مقرر کردہ نصابِ تعلیم کو عموماً درسِ نظامی کہا جاتا ہے۔ ہم جدید دَور کے تقاضوں کے مطابق بہترین نصاب کو بہترین طریقہ تعلیم کے ساتھ پیش کر رہے ہیں اور اسے "علوم الدین" کا نام دے رہے ہیں۔ یہ آٹھ سیمیسٹرز پر مشتمل چار سالہ کورس ہے، جس میں قرآن وحدیث کے ساتھ ساتھ عربی گرائمر میں صرف ونحو، نیز تفسیر، اصولِ تفسیر، اصولِ حدیث، اصولِ فقہ، وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔

الاساس کورس کا نصاب اور اہداف

قرآن کریم

سورۃ یونس، سورہ ھود۔

اہداف

❁ لفظی، سلیس ترجمہ ❁ مختصراً تفسیر، پس منظر، شان نزول ❁ مشکل الفاظ کے معانی کے نوٹس

❁ واحد جمع، ماضی مضارع ❁ إعراب اور وجہ إعراب۔ ❁ بنیادی ترکیب: مثلاً: فعل فاعل مفعول، جار مجرور، مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت، معطوف اور معطوف علیہ

حدیث

نخبۃ الصحیحین (100 منتخب احادیث)

اہداف

❁ لفظی، سلیس ترجمہ اور مختصر وضاحت ❁ نحو وصرف کی بنیادی تراکیب،

❁ مشکل الفاظ کے معانی اور صیغوں کی وضاحت، عمل کرنا اور اس کی نشر واشاعت کرنا۔



www.VirtualIslamicUnvirsity.com

الاساس کورس کا نصاب اور اہداف

نحو — ابتدائی قواعد النحو

اہداف

- قواعد کا حفظ
- قواعد کا فہم
- اجراء اور تطبیق (قواعد کو مثالوں کے ساتھ سمجھنا)

صرف — ابتدئی قواعد الصرف

اہداف

- صیغے اور گردانوں میں مہارت
- ذخیرہ الفاظ
- صفوۃ الصفوۃ
- عربی الفاظ یاد کرنا اور عربی بول چال

- نحو وصرف پڑھنے کے بعد طالب علم اس قابل ہوسکے کہ
  - صحیح عربی عبارت پڑھ سکے۔
  - عربی سے اردو اور اردو سے عربی ترجمہ کرنے کی صلاحیت پیدا ہوجائے۔
  - بنیادی تراکیب کرسکے نیز عربی بول سکے۔



Syllabus & Objectives

www.VirtualIslamicUnvirsity.com

البناء کورس کا نصاب اور اہداف

قرآن

سورۃ یوسف، رعد، ابراہیم، حجر، بنی اسرائیل، الکہف

اہداف

❁ لفظی، سلیس ترجمہ، مختصراً تفسیر، پس منظر، شان نزول، مشکل الفاظ کے معانی کے نوٹس
❁ واحد جمع، ماضی مضارع، ❁ إعراب اور وجہ إعراب.
❁ بنیادی ترکیب: مثلاً: فعل فاعل مفعول، جار مجرور، مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت
❁ فقہی مسائل کے نوٹس، قصص کا خلاصہ اور اس سے حاصل ہونے والا سبق کے نوٹس،
❁ مطلق مقید، ناسخ منسوخ کے نوٹس ❁ . آیات قرآنی سے مسائل کے استنباط کا ملکہ پیدا کرنا.
❁ معاشی، معاشرتی مسائل کے نوٹس ❁ زندگی گزارنے کے سنہرے اصول کے نوٹس.

حدیث

بلوغ المرام، ابتداء کتاب سے لے کر کتاب الحج تک.

اہداف

❁ عبارت کی قرأت ❁ إعراب، وجہ إعراب. ❁ لفظی، سلیس ترجمہ ❁ مختصراً توضیح، پس منظر، شان ورود
❁ مشکل الفاظ کے معانی کے نوٹس ❁ واحد جمع ❁ ماضی مضارع
❁ بنیادی ترکیب: مثلاً: فعل فاعل مفعول، جار مجرور، مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت
❁ فقہی مسائل کے نوٹس. ❁ قصص کا خلاصہ اور اس سے حاصل ہونے والا سبق کے نوٹس،
❁ مطلق مقید، ناسخ منسوخ کے نوٹس. ❁ احادیث نبویہ سے مسائل کے استنباط کا ملکہ پیدا کرنا.
❁ معاشی، معاشرتی مسائل کے نوٹس. ❁ حدیث سے اخذ ہونے والے زندگی گزارنے کے سنہرے اصولوں کے نوٹس.



البناء کورس کا نصاب اور اہداف

نحو

قواعد النحو(اول)

اہداف

۞ مکمل قواعد کا حفظ، فہم اور پریکٹیکل ۔ ۞ قواعد کو اپلائی کرنے کی مہارت پیدا کرنا ۔

صرف

قواعد النحو(اول)

اہداف

۞ مکمل قواعد کا حفظ، فہم اور پریکٹیکل ۔ ۞ قواعد کو اپلائی کرنے کی مہارت پیدا کرنا ۔

www.VirtualIslamicUnvirsity.com
www.VirtualIslamicUnvirsity.com

الوثاق کورس کا نصاب اور اہداف

قرآن

سورۃ مریم تا سورۃ ص۔

اہداف

❁ لفظی، سلیس ترجمہ، مختصراً تفسیر، پس منظر، شان نزول، مشکل الفاظ کے معانی کے نوٹس

❁ واحد جمع، ماضی مضارع، ❁ اِعراب اور وجہ اِعراب۔

❁ بنیادی ترکیب: مثلاً: فعل فاعل مفعول، جار مجرور، مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت

❁ روزانہ دو آیات کی زنجیری ترکیب۔

❁ فقہی مسائل کے نوٹس، قصص کا خلاصہ اور اس سے حاصل ہونے والا سبق کے نوٹس،

❁ مطلق مقید، ناسخ منسوخ کے نوٹس ❁ ۔ آیات قرآنی سے مسائل کے استنباط کا ملکہ پیدا کرنا۔

❁ معاشی، معاشرتی مسائل کے نوٹس ❁ زندگی گزارنے کے سنہرے اصول کے نوٹس۔

حدیث

منتخب کتب

اہداف

❁ عبارت کی قرأت ❁ اِعراب، وجہ اِعراب۔ ❁ لفظی، سلیس ترجمہ ❁ مختصراً توضیح، پس منظر، شان ورود

❁ مشکل الفاظ کے معانی کے نوٹس ❁ واحد جمع ❁ ماضی مضارع

❁ بنیادی ترکیب: مثلاً: فعل فاعل مفعول، جار مجرور، مضاف مضاف الیہ، موصوف صفت

❁ فقہی مسائل کے نوٹس۔ ❁ قصص کا خلاصہ اور اس سے حاصل ہونے والا سبق کے نوٹس،

❁ مطلق مقید، ناسخ منسوخ کے نوٹس۔ ❁ احادیث نبویہ سے مسائل کے استنباط کا ملکہ پیدا کرنا۔

❁ معاشی، معاشرتی مسائل کے نوٹس۔ ❁ حدیث سے اخذ ہونے والے زندگی گزارنے کے سنہرے اصولوں کے نوٹس۔



www.VirtualIslamicUnvirsity.com

www.VirtualIslamicUnvirsity.com

الوثاق کورس کا نصاب اور اہداف

عقیدہ کتاب التوحید، محمد بن عبد الوہاب ۔

اہداف

❁ عبارت، ترجمہ، مفہوم ۔ ❁ قرآن و حدیث سے ثابت عقائد کی تعلیم و تفہیم ۔

❁ قرآن اور حدیث کے نص سے عقائد کے اخذ کی عملی مشق ۔ ❁ عقائد کے متعلقہ مخصوص متون کا حفظ ۔

❁ معاشرے میں مروجہ عقائد و نظریات کا جائزہ ۔

❁ عقائد صحیحہ کو اختیار کرنے ، اور عقائد باطلہ سے اجتناب کرنے کی ترغیب اور محاسبہ

نحو قواعد النحو (اول)

اہداف

❁ مکمل قواعد کا حفظ، فہم اور پریکٹیکل ۔ ❁ قواعد کو اپلائی کرنے کی مہارت پیدا کرنا ۔

صرف قواعد النحو (اول)

اہداف

❁ مکمل قواعد کا حفظ، فہم اور پریکٹیکل ۔ ❁ قواعد کو اپلائی کرنے کی مہارت پیدا کرنا ۔



www.VirtualIslamicUnvirsity.com

شارٹ کورس

أُصُولُ الحَدِيثِ

حدیث کی صحت وضعف کو پرکھنے کا معیار محدثین کرام کے اصول ہیں، کسی بھی حدیث پر کوئی بھی حکم لگانے سے پہلے ان اصولوں پر مہارت حاصل کرنا ضروری ہے۔ ہم نے 48 کریڈٹ آورز پر مشتمل 6 ماہ کا کورس ترتیب دیا ہے، جس میں محدثین کرام کے بنائے ہوئے اصولوں کی شرعی بنیادوں اور ان کے منطقی نتائج پر فوکس کیا جائے گا۔

قراءۃ القرآن





بہترین تلفظ اور لہجے والے تربیت یافتہ قراءِ کرام احسن انداز سے بچوں کو "وَن ٹُووَن" ناظرہ قرآنِ کریم پڑھائیں گے۔ ساتھ ہی ساتھ نبوی نماز، مسنون دعاؤں اور بچوں کی اسلامی ذہن سازی پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔

نوٹ : بڑی عمر کے افراد بھی اپنا ناظرہ قرآن، نماز اور دعائیں درست کرنا چاہیں تو وہ بھی بلا جھجک اس کورس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

تجوِیدُ القُرآن

قرآنِ کریم کو صحیح طریقے سے پڑھنا نہایت ضروری ہے۔ جو بچے یا بڑے قرآنِ کریم پڑھ چکے ہیں، لیکن تلاوت کے مکمل آداب اور حروف کی ادائیگی کی کامل شرائط سیکھنا چاہتے ہیں، انہیں بہترین قراء تجوید القرآن پڑھائیں گے، جس سے وہ بھی قراء کی طرح قرآن پڑھنے کے قابل ہوسکیں گے۔

فہم القرآن

قرآنِ کریم بندوں کی طرف اللہ تعالیٰ کا پیغام ہے، لہٰذا ہر مسلمان پر لازم ہے کہ تلاوت کرنے کے ساتھ ساتھ قرآنِ کریم کو سمجھنے کی بھی کوشش کرے۔ فہم القرآن کورس اسی جانب ایک قدم ہے۔ اس کورس میں مسلمانوں کے نام قرآنِ کریم کا پیغام ان تک پہنچایا جائے گا۔

مالی واجبات

بہت سے پروگرامز پر مشتمل اس پراجیکٹ کو چلانے میں بھاری اخراجات اٹھتے ہیں۔ انہیں پورا کرنے کے دو راستے ہو سکتے ہیں؛ یا تو لوگوں سے چندہ مانگا جائے، یا پڑھنے اور استفادہ کرنے والے احباب پر معمولی سی فیس لاگو کر دی جائے۔ دوسرا طریقہ ہی ہمیں بہتر معلوم ہوا ہے۔

کورسز کی ماہانہ فیس ایک متوسط گھرانے کے بچے کی سکول فیس سے بھی کم رکھی گئی ہے۔ سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کے ماہانہ اخراجات تو بہت زیادہ ہوتے ہیں، وہ بخوشی برداشت کیے جاتے ہیں تو دینی تعلیم کے لیے تھوڑی سی فیس ادا کرنا بھی مشکل نہیں ہونا چاہیے۔

Fee Structure

فیس کا شیڈول

علوم الدین کورس؛ پاکستان کے لیے 10000 فی سمسٹر*

علوم الدین؛ بیرون پاکستان کے لیے 18000 فی سمسٹر*

اصول الحدیث؛ پاکستان کے لیے 10000 فی کورس*

اصول الحدیث؛ بیرون پاکستان کے لیے 18000 فی کورس*

قراءۃ القرآن کورس؛ 5000 روپے ماہانہ

تجوید القرآن کورس؛ 5000 روپے ماہانہ

کسی بھی کورس میں داخلے کے لیے رجسٹریشن فیس پاکستانیوں کے لیے 3000 اور بیرون ملک کے لیے 5000 روپے ہے۔

* داخلے کے لیے رجسٹریشن اور فیس ایڈوانس میں ادا کرنا ہوگی۔

* فیس کی مزید تفصیلات اور شارٹ کورسز کے لیے ویب سائٹ یا واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں

ہماری کامیابی

الحمد للہ، ہمارے دو سمسٹرز مکمل ہو چکے ہیں۔ اس میں ہمارے پاس دنیا کے کئی خطوں سے طلبہ تعلیم حاصل کرتے رہے، جن میں ڈاکٹرز، انجینیئرز سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔ ہم بخوشی اس بات کا اعلان کر رہے ہیں کہ اللہ کے فضل سے ہم ایک سال میں ہر ہفتے صرف آٹھ (8) گھنٹے پڑھا کر وفاق المدارس کے دو سالہ نصاب کے مطابق اہلیت پیدا کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔

طلبہ عربی گرائمر کو نہ صرف شرحِ صدر سے سمجھ چکے ہیں، بلکہ اجراو ترکیب سے بھی بخوبی آشنا ہو چکے ہیں، چنانچہ وہ صیغوں اور عباراتِ قرآن وحدیث کے صرفی و نحوی حل میں مہارت رکھتے ہیں۔ الحمد للہ علی ذالک

طلبہ کے تاثرات

ورچوئل اسلامک یونیورسٹی میں ایک سمسٹر مکمل کرنے کے بعد میں سمجھتا ہوں کہ اس تیز ترین دور میں جہاں وقت کی قلت ہے، مجھ جیسا شخص جاب کے ساتھ ساتھ اسلامی علوم حاصل کرنے کے فریضے کو اسی ادارے کی بدولت بخوبی ادا کر سکا۔ اسلامی تعلیم کے شوقین حضرات وخواتین، جو اپنے کاروبار اور دیگر مصروفیات رکھتے ہیں، گھر بیٹھ کر اس نمایاں اور منفرد ادارے سے بہت زیادہ مستفید ہو سکتے ہیں۔ کسی بنا پر کلاس نہ لے سکیں تو کسی بھی وقت کلاس لی جا سکتی ہے۔ کلاس کے علاوہ بھی اسباق کے حوالے سے تسلی بخش راہ نمائی دی جاتی ہے۔ استاذ، مستند، بااخلاق اور قابل ترین ہیں۔

نوید انور، نیٹ ورک انجینیئر، ریاض، سعودی عرب

کئی سالوں سے دل میں حسرت تھی کہ کوئی ایسا ادارہ ہونا چاہیے جو ہم جیسے لوگوں کی مجبوریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دین کا علم حاصل کرنے کا موقع فراہم کرے۔ ورچوئل اسلامک یونیورسٹی اللہ کی طرف سے میری دعاؤں کا ثمر ہے۔ اس سے پہلے کئی بار مختلف اداروں سے عربی کے مختصر کورس کیے، لیکن عربی زبان پر دسترس سے محروم رہا، کیونکہ زبان کثرتِ استعمال سے آتی ہے اور ورچوئل اسلامک یونیورسٹی میں اس کا خاص اہتمام ہے۔ اساتذہ ہمیں سکھانا چاہتے ہیں اور ہماری مجبوریوں کو آڑے نہیں آنے دیتے۔ میرے نزدیک اب میرے لیے دین کا علم نہ سیکھنے کی کوئی حجت باقی نہیں رہی۔

عمیر ذوالفقار، پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، ڈیپارٹمنٹ آف الیکٹرک انجینیئرنگ، یونیورسٹی آف ویسٹرن آسٹریلیا

طلبہ کے تاثرات

کلاس کا نظام بہت ہی بہترین ہے۔ اسائنمنٹس کا سلسلہ بھی مفید ہے۔ اسائنمنٹ اور اٹینڈینس کی ہفتہ وار رپورٹ بھی ایک خاصہ ہے۔ کلاس کے دوران تحریری سوال وجواب کی سہولت کے ساتھ ساتھ کلاس کے بعد واٹس ایپ پر بھی اشکالات دور کیے جاتے ہیں اور فیڈ بیک پر تسلی بخش جوابات ملتے ہیں۔ **تاجور بشیر، ایم بی بی ایس، نشتر میڈیکل یونیورسٹی، ملتان**

پڑھائی کا طریقِ کار بہترین ہے، ہر ہر سبق کو واضح طریقہ سے سمجھایا جاتا ہے، پھر دوہرائی بھی کرائی جاتی ہے، روزانہ کی اسائنمنٹ بھی ہمارے کانسیپٹ مضبوط کرتی ہے۔ بہترین اور ماہر استاذ، بہترین نصاب، اوقات کی پابندی، گرامر کی روزانہ مشق، تسلسل کے ساتھ کلاسز، ان خوبیوں کے ساتھ یہ ادارہ کسی اچھے ادارے سے کم نہیں۔ **فرحہ کلیم، ایچ آر ڈیپارٹمنٹ، الہدیٰ انٹرنیشنل**

میری نظر میں ایسے افراد کے لیے جو جاب کرتے یا کالج ویونیورسٹی میں پڑھتے ہیں، اس سے بہتر بلکہ بہترین انداز میں دین سیکھانے کا کوئی اور ادارہ نہیں۔ ورچوئل اسلامک یونیورسٹی کا نظام یکسر منفرد ہے جو قابل اساتذہ کی نگہداشت میں چل رہا ہے، جو کسی لالچ کے بغیر طلبہ کو عزیز از جان سمجھ کر محنت سے تعلیم دیتے ہیں، جس سے ایمان واخلاص کا ایک ماحول بن جاتا ہے۔ **محسن علی تابش، انوینٹری سپروائزر، لیز پیپسیکو انڈسٹری**

طلبہ کے تاثرات

الحمدللہ، اس ادارے کو ہم نے بہت مفید اور کارآمد پایا ہے، اساتذہ بہت لگن اور محنت سے پڑھاتے ہیں۔ کلاس کے وقت کے علاوہ بھی راہ نمائی کی ضرورت ہو تو فراہم کی جاتی ہے۔ اسائنمنٹ کو اچھی طرح چیک کر کے غلطیوں کی اصلاح کی جاتی ہے اور بروقت رپورٹ پیش کی جاتی ہے۔ **سعدیہ جبین ارشد، سپین**

دینی علوم کا حصول زندگی کی بہت بڑی خواہش تھی، لیکن گھر سے دُور رہنا ناممکن تھا اور گھر کے قریب کوئی دینی مدرسہ نہ تھا۔ اللہ محترم حافظ ابو یحییٰ نورپوری حفظہ اللہ کو جزائے خیر دے کہ بہت ہی بہترین طریقہ سے ہمیں پڑھایا جا رہا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ اس سسٹم میں تعلیم حاصل کرنا ہماری خوش قسمتی ہے۔ **علی حسنین، امام مسجد، گجرات، پاکستان**

میرے پاس الفاظ نہیں کہ کیسے شکریہ ادا کیا جائے، اس پرفتن دَور میں گھر بیٹھے دینی تعلیم کا اتنا بہترین اور معیاری بندوبست! اساتذہ کی محبت اور شفقت سے لوگ اپنے کاروبار کے ساتھ دین کی تعلیم بھی حاصل کر رہے ہیں۔ یہ ہمارے لیے زندگی کا ایک بہترین سال ہے۔ روزانہ حاضری اور ہفتہ وار رپورٹ، اسائنمنٹ کے حل اور اس کی اصلاح سے ہم خود میں اعتماد محسوس کرتے ہیں۔ **اخلاص احمد سلفی، میتھ ٹیچر، ملتِ اسلامیہ سکول، گوجرخان، پاکستان**

طلبہ کے تاثرات

ورچوئل اسلامک یونیورسٹی کا نظامِ تعلیم بہت موثر اور مفید ہے۔ میں نے اس جیسا آن لائن نظام نہیں دیکھا۔ اساتذہ بہت ماہر اور شفیق ہیں۔ صرف ایک سمسٹر میں الحمدللہ تراکیب وغیرہ میں بہت بہتری آئی ہے۔

I Strongly Recommend to everyone who want deep Islamic knowledge

محمد حارث، ایس ڈی او، واپڈا، لیسکو، فیصل آباد

Virtual Islamic University
Online Classes
صحيح البخاري
ONLINE EDUCATION
اصول الحدیث
علوم الدین
قراءۃ القرآن
ONLINE Degrees
فقہ
کتاب وسنت
تجوید القرآن
فہم القرآن